© rasailojaraid.com



# تاثرات

ادارہ ثقافتِ اسلامیہ اپنی مختصر عمر میں ڈیڑھ سو کے لگ بھگ کتابیں شائع کر چکا ہے جن میں انگریزی اور اردو دونوں شامل ہیں بعض کتابوں کو انگریزی سے اردو میں منتقل کیا گیا ہے، بعض کو عربی سے اُردو کے قالب میں ڈھالا گیا ہے اور کچھ کتابوں کا اُردو سے انگریزی میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ یہ تمام کتابیں اسلام کا معاشرتی امور کا الباقی نظام، عدل و انصاف کے صحیح پیمانوں کی وضاحت، تاریخ و سوانح، فلسفۂ اسلام اور تہذیب و ثقافت کے مسائل پر مشتمل ہیں۔ ان کے مطالعہ سے زیرِ بحث موضوع کی پوری تصویر سامنے آجاتی ہے اور جن مسائل سے ہمارا معاشرہ دوچار ہے اور راہِ صواب کا متلاشی ہے، ان کتابوں میں اس کی نشاندہی کی گئی ہے اور پیش آئندہ مشکلات سے مخلصی حاصل کرنے کا اسلامی حل بتایا گیا ہے۔ اس سال ادارہ کی طرف سے درج ذیل کتابیں نشر و اشاعت کے مراحل سے گزر رہی ہیں:

۱۔ مطالعہ قرآن: یہ مولانا محمد حنیف ندوی کی تصنیف ہے اور قرآن سے متعلق اہم مباحث کو محیط ہے۔

۲۔ مشرقِ بعید میں طلوعِ اسلام: اس کتاب میں تاریخی حوالوں سے بتایا گیا ہے کہ سرزمین چین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں اسلام سے آشنا ہو چکی تھی۔ وہاں اسلام کس طرح پہنچا اور اس کے کیا اثرات مرتب ہوئے۔ اس کو سمجھنے کے لیے یہ کتاب بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ یہ پروفیسر سید قدرت اللہ فاطمی کی تصنیف ہے۔

۳۔ علمِ حدیث میں پاک و ہند کا حصہ: یہ برصغیر کے مشہور محقق ڈاکٹر محمد اسحاق کی انگریزی تصنیف کا اردو ترجمہ ہے، جو جناب شاہد حسین رزاقی نے کیا ہے۔ اپنے موضوع میں کتاب دلچسپ بھی ہے اور پُر از معلومات بھی۔

۴۔ فقہائے ہند۔ جلد چہارم: محمد اسحاق بھٹی کے سلسلہ فقہائے ہند کی چوتھی جلد ہے۔ اس میں سرزمینِ پاک و ہند کے گیارھویں صدی ہجری کے علما و فقہا کے حالات معرضِ تحریر میں لائے گئے ہیں اور اس دور کے حکمرانوں کی علمی و اسلامی زندگی کے ضروری پہلوؤں کو اُجاگر کیا گیا ہے۔

۵۔ حکیم فرزانہ: ڈاکٹر شیخ محمد اکرام مرحوم کی معروف تصنیف غالب نامہ کا نظرِ ثانی شدہ ایڈیشن ہے۔ اور اصحابِ ذوق کے لیے نہایت عمدہ کتاب ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۶۔ سیرت عمر بن عبدالعزیز : تصنیف مولانا عبدالسلام ندوی، انگریزی ترجمہ ہادی حسین صاحب۔

۷۔ امام ابو حنیفہ : یہ انگریزی کتاب ہادی حسین صاحب کی نظر ثانی کے بعد شائع کی جا رہی ہے۔

۸۔ اسلام کا مالیاتی نظام : ڈاکٹر انور اقبال قریشی کی انگریزی تصنیف ہے اور فسکل سسٹم آف اسلام کے نام سے موسوم ہے۔

۹۔ پاکستان موومنٹ اینڈ کمالسٹ ریولوشن : پروفیسر سید قدرت اللہ فاطمی کی تصنیف ہے۔

۱۰۔ ماڈرن مسلم انڈیا اینڈ برتھ آف پاکستان : ڈاکٹر شیخ محمد اکرام مرحوم کی تصنیف کا نیا ایڈیشن۔

۱۱۔ ہسٹاریکل اویکین آف فورٹین پوائنٹس : قائداعظم کا یہ تصنیف کردہ رسالہ نایاب تھا جو ادارہ کی طرف سے شائع کیا جا رہا ہے۔

یہ حکیم الأمت علامہ اقبال کا سال ہے۔ ادارہ کی طرف سے علامہ مرحوم کے بارے میں مندرجہ ذیل کتابیں شائع کی جا رہی ہیں :

۱۔ انوٹیٹڈ ایڈیشن آف علامہ اقبالز لیکچرز : علامہ اقبال کے خطبات مع تعلیقات از پروفیسر محمد سعید شیخ

۲۔ ارمغانِ اقبال : جناب شاہد حسین رزاقی مرتب کر رہے ہیں

۳۔ جاوید نامہ کا منظوم اردو ترجمہ : پروفیسر صوفی غلام مصطفیٰ تبسم

۴۔ اقبال اور قرآن : جناب ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب

۵۔ اقبال اور حُبِّ رسول : جناب ڈاکٹر طاہر فاروقی صاحب

۶۔ اقبال کا نظریۂ اخلاق : جناب پروفیسر رفیق احمد سعید

۷۔ اقبال کی شاعری کا دینی پس منظر : جناب پروفیسر ابو خیر کشفی

ان کے علاوہ بعض کتابوں کے دوسرے ایڈیشن شائع کیے جا رہے ہیں، جن میں ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم مرحوم کی اسلام اینڈ کمیونزم، تشبیہاتِ رومی، ڈاکٹر افضل اقبال کی ڈپلومیسی اِن اسلام اور مولانا محمد حنیف ندوی کی تعلیماتِ غزالی شامل ہیں۔

(م ۔ ا ۔ ب)

© rasailojaraid.com